20 ستمبر 2012ء

اسٹیٹ بینک کا بیرونی براہ راست سرمایہ کاری کے
اعدادوشمار کو اندرونی و بیرونی بہاؤ کی بنیاد پر جاری کرنے کا فیصلہ

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے بیرونی براہ راست سرمایہ کاری (FDI) کے ماہانہ اعدادوشمار اندرونی بہاؤ (inflows) اور بیرونی بہاؤ (outflows) دونوں کی بنیاد پر جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ ملک میں بیرونی سرمایہ کاری کی واضح صورتحال سامنے آسکے۔ اس سے پہلے اسٹیٹ بینک خالص (net) بنیاد پر بیرونی براہ راست سرمایہ کاری کے ماہانہ اعدادوشمار جاری کرتا تھا۔

یاد رہے کہ بیرونی سرمایہ کار مقامی کاروبار میں مختلف شکلوں میں سرمایہ کاری کرتے ہیں جسے "اندرونی بہاؤ" (inflows) کے طور پر ریکارڈ کیا جاتا ہے۔ ساتھ ہی کچھ سرمایہ کار اپنی سرمایہ کاری مکمل یا جزوی طور پر ختم (disinvest) کردیتے ہیں اور ایسی disinvestments کو "بیرونی بہاؤ" (outflows) کے طور پر ریکارڈ کیا جاتا ہے۔

بیرونی براہ راست سرمایہ کاری کے اندرونی اور بیرونی بہاؤ کی مختلف شکلوں کے بارے میں اعدادوشمار اکٹھا کرنے اور ترتیب دینے کے معیاری طریقے موجود ہیں اور اب بیرونی براہ راست سرمایہ کاری کے اندرونی بہاؤ، بیرونی بہاؤ اور خالص اندرونی بہاؤ (اندرونی بہاؤ نفی بیرونی بہاؤ) کے اعدادوشمار عام استعمال کنندگان کے لیے جاری کیے جائیں گے۔

نئے فارمیٹ میں بیرونی براہ راست سرمایہ کاری کے اعدادوشمار اب اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ کے مندرجہ ذیل لنکس پر دستیاب ہوں گے:

http://www.sbp.org.pk/ecodata/NetinflowSummary.pd

http://www.sbp.org.pk/ecodata/Netinflow.pdf

http://www.sbp.org.pk/ecodata/Netinflow.xls

☆☆☆